# Sample Question Paper 2024-2025

| | |
|---|---|
| Subject | Urdu |
| Course | A |
| Code | 003 |
| Class | X |

Time: 3 Hours | Maximum Marks: 80

---

**ہدایات:**

(i) اس سوالنامے میں کل **چار** حصے ہیں جن میں **18** سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(ii) **حصہ 'الف'** – 'عبارت فہمی اور شعر فہمی' کے حوالے سے- **20** نمبر کا ہے۔

(iii) **حصہ 'ب'** – 'تحریری مہارت' کے حوالے سے - **25** نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ 'ج'۔'عملی قواعد' کے حوالے سے - 20 نمبر کا ہے۔

(v) **حصہ 'د'** – 'ادب' کے حوالے سے - **15** نمبر کا ہے۔

(vi) **ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔**

**Instructions:**

(i) This Question paper contains four Sections and **18 Questions.**

(ii) Section - **A** 'Reading and Comprehension' carries **20** marks.

(iii) Section - **B** 'Writing Skills' carries **25** marks.

(iv) Section - **C** 'Functional Grammar carries **20** marks.

(v) Section - **D** 'Literature' carries **15** marks.

(vi) **Attempt answer as per the instructions.**

## Section A (حصہ الف)

**سوال نمبر1۔** مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھئے۔ (5x1=5)

زبان اپنے وسیع معنی میں خیالات ظاہر کرنے کا ذریعہ ہے۔ جانوروں کی چیخیں بھی ایک حد تک زبان کہی جاسکتی ہیں بشرطیکہ ان کے دل کی حالت ظاہر کریں۔ الفاظ بامعنی آواز ہیں۔ چرند اور پرند بھی ایسی آوازیں نکالتے ہیں جن کے معنی ہوتے ہیں۔ وہ خوف ظاہر کرتے ہیں خوشی اور خواہش بھی ظاہر کر سکتے ہیں۔ مگر اپنے خیالات ظاہر نہیں کر سکتے۔ جانداروں میں ایک انسان ہی ہے جو کچھ وہ محسوس کرتا اور سوچتا ہے اس کو بیان کر سکتا ہے۔ زبان وہ چیز ہے جس پر تمام انسانی تعلقات قائم ہیں۔ یہ الفاظ سے بنتی ہے اور الفاظ سانچہ ہیں جن میں خیالات ڈھلتے ہیں۔ چنانچہ ہر لفظ جو کسی چیز کے لیے بنتا ہے اس میں کوئی نہ کوئی خیال لپٹا ہوتا ہے۔ زبان آوازوں کے ایک ایسے مجموعے کا نام ہے جسے انسان اپنا خیال دوسروں پر ظاہر کرنے کے لیے ارادتاً نکالتا ہے اور ان آوازوں کے معنی معین کر لیے گئے ہیں تاکہ کہنے اور سننے والے کے یہاں ایک لفظ سے تقریباً ایک ہی جذبہ پیدا ہو۔ الفاظ ان ذہنی تصویروں کی ملفوظی علامتیں ہیں جنھیں ہم دوسروں کے ذہن تک پہنچانا چاہتے ہیں۔

(i) خیالات کے اظہار کا ذریعہ کیا ہے؟

(A) احساس (B) زبان (C) تعلیم (D) معنی

(ii) با معنی آوازیں کسے بتایا گیا ہے؟

(A) زبان (B) الفاظ (C) خیالات (D) اشارہ

(iii) الفاظ اور خیالات کا کیا تعلق ہے؟ ایک جملے میں لکھئے۔

(iv) جانداروں میں انسان کی خصوصیات کیا ہیں؟ ایک جملے میں لکھئے۔

(v) انسانی تعلقات کس چیز پر قائم ہیں؟ ایک لفظ میں جواب دیجئے۔

**سوال نمبر2۔**مندر جہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ (5x1=5)

بھول جاؤ جو تمھیں لوگ بُرا کہتے ہیں
ان کی باتوں پر نہ دو کان کہ کیا کہتے ہیں
ان کی عادت ہے یہی صبح و مسا کہتے ہیں
کہتے آئے ہیں سدا اور سدا کہتے ہیں
کہہ کے یوں ٹال دو ہاں آپ بجا کہتے ہیں

بھول جاؤ جو کسی سے تمھیں پہنچے نقصاں
یاد رکھو گے تو اس میں ہے تمہارا ہی زیاں
کینہ رکھتا ہے شتر ، تم تو نہیں ہو حیواں
شکر کی جا ہے ، کہ خالق نے بنایا انساں
صاحب عقل تمھیں سب حکماء کہتے ہیں

(i) سب حکماء تمہیں کیا کہتے ہے؟

(A) انسان (B) صاحب عقل (C) شریف (D) اچھا

(ii) درج بالا اقتباس کس خیال پر مبنی ہے؟

(A) حب الوطنی (B) عشق (C) دنیاوی حقیقت (D) اخلاقیات

(iii) "کینہ رکھتا ہے شتر" کا کیا مطلب ہے؟

(iv) کس چیز کو یاد رکھنے میں تمہارا زیاں ہے؟

(v) اس کا عنوان تجویز کیجئے۔

**سوال نمبر3۔** مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5x1=5)

بائیو گرافی کا اصل مقصد جو ہیرو کے اخلاق و عادات و خیالات کا دنیا پر روشن کرنا ہے وہ اُس وقت تک پورا نہیں ہوسکتا جب تک یہ نہ کہا جائے کہ ہیرو میں اخلاق و عادات اور خیالات کہاں سے آئے؟ اور اُن کی بنیاد اُس میں کیونکر پڑی؟ انسان میں کچھ خصلتیں جبلّی ہوتی ہیں جو آبا و اجداد سے بطور میراث کے اُس کو پہنچتی ہیں اور زیادہ تر وہ اخلاق و عادات ہوتے ہیں جو بچپن میں نامعلوم طور پر وہ اپنے خاندان کی سوسائٹی سے اکتساب کرتا ہے اور جو رفتہ رفتہ اس درجہ تک پہنچ جاتے ہیں جس کی نسبت حدیث میں آیا ہے کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جائے تو ٹل جائے لیکن آدمی اپنی جبلت سے نہیں ٹل سکتا۔ پس ہیرو کے خاندان کا حال جس میں وہ پیدا ہوا اور اُس سوسائٹی کا حال جس میں اس نے نشو نما پائی درحقیقت ہیرو کے اخلاق وعادات پر ایک ایسی روشنی ڈالتا ہے جس کے بعد کسی اور ثبوت کے پیش کرنے کی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی۔

(i) اس اقتباس میں لفظ "ہیرو" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

(A) دو　　(B) تین　　(C) چار　　(D) پانچ

(ii) ' خصلتیں ' کے معنی ہیں۔

(A) حرکتیں　　(B) وجہیں　　(C) شرارتیں　　(D) عادتیں

(iii) 'پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جائے تو ٹل جائے لیکن آدمی اپنی جبلت سے نہیں ٹل سکتا' سے کیا مراد ہے؟

(iv) انسان اپنے خاندان کی سوسائٹی سے کیا اکتساب کرتا ہے؟

(v) بائیو گرافی کا اصل مقصد کیا ہے؟

**سوال نمبر4۔** درج ذیل شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کا جواب دیجئے۔ (5x1=5)

دنیا میری بلا جانے ، مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں ، ہستی کی کیا ہستی ہے

آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھتے ہیں
جو اجڑے اور پھر نہ بسے، دل وہ نرالی بستی ہے

جان سی شے بک جاتی ہے ایک نظر کے بدلے میں
آگے مرضی گاہک کی ان داموں تو سستی ہے

جگ سونا ہے تیرے بغیر، آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی، اب بھی دنیا بستی ہے

آنسو تھے سو خشک ہوئے جی ہے کہ امڈا آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھائی ہے، کھلتی ہے نہ برستی ہے

(i) درج بالااشعار نظم کی کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں؟

(A)غزل (B)مثنوی (C)رباعی (D)قصیدہ

(ii) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A)اصغر گونڈوی (B) شاد عظیم آبادی (C)یگانہ چنگیزی (D)فانی بدایونی

(iii) پانچویں شعر میں شاعراپنی کس کیفیت کاذکر کررہاہے؟

(iv) پہلے شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟بتایئے۔

(v) دل کیسی نرالی بستی ہے؟وضاحت کیجئے۔

## Section B (حصہ ب)

**سوال نمبر 5۔** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 300-- 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ (10)

(i) گلوبل وارمنگ ایک خطرہ۔

(ii) قومی یکجہتی ملک کی ضرورت۔

(iii) دہشت گردی ملک کی سالمیت کے لئے خطرہ۔

**سوال نمبر6۔** اپنے دوست کو اپنے بھائی کی شادی میں مدعو کرنے کے لئے ایک خط لکھئے۔ (1x4=4)

**یا**

اپنے اسکول کی لائبریری میں اردو اخبار منگوانے کے لئے پرنسپل کو درخواست لکھئے۔

**سوال نمبر7۔** سر سید احمد خان کی زندگی کے اہم واقعات 100 الفاظ میں لکھئیے۔ (1x4=4)

**یا**

افسانہ "نیا قانون" کا خلاصہ لکھئے۔

**سوال نمبر8۔** اکبر الٰہ آبادی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھئے۔ (1x3=3)

**یا**

نظم "جلوہ دربار دہلی" کا خلاصہ لکھئے۔

**سوال نمبر9۔** افسانہ "گلی ڈنڈا" یا "دو فرلانگ لمبی سڑک" میں سے آپ کس کہانی سے زیادہ متاثر ہیں اور کیوں؟ 100 الفاظ میں جواب لکھئیے۔ (1x4=4)

**یا**

جگر صاحب کی شخصیت پر ایک نوٹ لکھئے۔

## Section C (حصہ ج)

**سوال نمبر10۔** (i) فعل لازم اور فعل متعدی کی تعریف مع مثال لکھئے۔ (2)

(ii) فعل ماضی، فعل حال اور فعل مستقبل میں سے کسی دو کی تعریف مع مثال لکھئے۔ (2)

(iii) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو کیا کہلاتا ہے۔ (1)

(A) فعل لازم (B) فعل متعدی (C) فعل معروف (D) فعل مجہول

**سوال نمبر11۔** (i) صنعت تلمیح کی تعریف اور مثال لکھئے۔ (2)

(ii) صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے۔ (1)

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) صنعت تجنیس (B) صنعت تضاد (C) صنعت تلمیح (D) حسن تعلیل

(iii) استعارہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔ (2)

**سوال نمبر12۔** (i) درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے کسی چار کو جملے میں استعمال کیجیے۔ (4)

پھولے نہ سمانا۔ دل پاش پاش ہونا۔ خون سفید ہونا۔ اونچی دکان پھیکا پکوان۔ اندھوں میں کانا راجا۔
جو گرجتے ہیں برستے نہیں۔

(ii) دل گیر ہونا کے معنی ہیں۔ (1)

(A) خوش ہونا (B) بے قابو ہونا (C) اداس ہونا (D) پکڑنا

**سوال نمبر 13۔** (i) اس علامت ( ؟ ) کا نام کیا ہے؟ (1)

(A) فجائیہ (B) سوالیہ (C) وقفہ (D) ختمہ

(ii) اس علامت ( ! ) کو کیا کہتے ہیں؟ (1)

(A) فجائیہ (B) قوسین (C) سکتہ (D) وقفہ

**سوال نمبر 14۔** (i) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے۔ کیا کہلاتا ہے؟ (1)

(A) مقطع (B) مطلع (C) حسن مطلع (D) بیت الغزل

(ii) ایسی نظم جس کے تمام مصرعے برابر کے ہوں مگر اس میں قافیے کی پابندی نہ ہو۔ کیا کہلاتی ہے؟ (1)

(A) آزاد نظم (B) پابند نظم (C) نثری نظم (D) نظمِ معرا

(iii) لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے۔ (1)

اس شعر میں ردیف ہے۔

(A) خوشی (B) چلے (C) چلی چلے (D) خوشی، چلے

## Section D (حصہ د)

**سوال نمبر 15۔** درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجئے۔ (2x2=4)

(i) "نیا قانون" کے آنے کی خبر سے منگو کو چوان کیوں خوش تھا؟

(ii) "عورت کا دل محبت کا سمندر ہوتا ہے۔" مصنف نے یہ بات کیوں کہی ہے؟

(iii) ماحول بچانا کیا صرف سائنس دانوں ہی کا کام ہے یا ہر شہری کا۔ مختصراً لکھیے۔

(iv) مخلوط زبان سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر16۔** درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھئے۔ (2x2=4)

(i) عمر خضرؑ سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(ii) نظم کے پہلے بند میں "آوارۂ غربت" اور" کنعان وطن" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iii) "میرا حصّہ دور کا جلوہ" شاعر نے کیوں کہا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر 17۔** درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔ (2x2=4)

(i) آئی۔سی۔ایس بننے کے بعد وحید میں کیا تبدیلی آئی؟

(ii) مصنف کو پہلے فقیر پر کیوں رحم آیا؟ پہلے فقیر کا حلیہ کیسا تھا؟

(iii) مصنف نے نور خاں کو گدڑی کا لال کیوں کہا ہے؟

(iv) اگر آپ گیا کی جگہ ہوتے تو آپ کا رویہ کیسا ہوتا؟

**سوال نمبر18۔** درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔ (1x3=3)

خاکہ نگاری۔ افسانہ۔ غزل۔ نظم۔